Urdu

# NovoMix 30 ساتھ علاج

## علاج کے متعلق مختصراً

آپ کو NovoMix 30 دیی جاتی ہے کیونکہ آپ کے جسم کو وہ انسولین استعمال کرنے میں دشواری ہوتی ہے جو یہ خود پیدا کرتا ہے، یا اس وجہ سے کہ جسم کافی انسولین نہیں بناتا ہے۔

NovoMix 30 ایک مخلوط انسولین ہے جو خون میں شوگر کم کرنے میں مدد دیتی ہے۔ اس میں 30 فیصد تیز رفتار اثر کرنے والی انسولین اور 70 فیصد سست رفتار انسولین شامل ہوتی ہے۔

## NovoMix 30 لینے کا طریقہ

جیسے کہ آپ نے معالجہ کرنے والے کے ساتھ طے کیا ہو آپ کو کھانے کے وقت سے پہلے NovoMix 30 لینی چاہیے ۔

یہ ضروری ہے کہ آپ پین کو صحیح طریقے سے استعمال میں لائیں، نیا پین شروع کرتے وقت اور انسولین کے ہر ٹیکے سے پہلے۔ ذیل میں تصویری راہنمائی دیکھیں۔

**جب آپ نیا پین استعمال کرنا شروع کرتے ہیں**

جب آپ اسے استعمال کرتے ہیں تو آپ کی انسولین کمرے کے درجہ حرارت پر ہونی چاہیے ۔ اس لیے پین استعمال کرنے سے 24 گھنٹے پہلے اسے فریج سے نکال لیں۔



نیا پین استعمال کرتے وقت: پین کو اپنے ہاتھوں کے درمیان افقی حالت میں 20 بار گھمائیں۔

**ہر ٹیکہ لگانے سے پہلے**

- پین کو بڑی کمان کی صورت میں حرکت دیں جب تک کہ مائع یکساں دودھیا سفید رنگ کا نہ ہو جائے۔ پین کو جھٹکنا نہیں چاہیے۔
- اگر ملانے کے بعد مائع دانے دار ہو جائے تو قلم کو ضائع کر دیں اور نیا استعمال کریں۔



قلم میں موجود مائع کو 20 بار بڑی کمان کی صورت میں اوپر نیچے کر کے ملائیں ۔

## NovoMix 30 نہ لیں

اگر آپ کے خون میں شوگر 4,0 ملی مول / فی لیٹر (4.0 mmol/l) سے کم ہو یا اُس سطح سے کم ہو جو آپ نے اپنے معالجہ کرنے والے سے طے کی ہو تو، اپنا معالجہ کرنے والے سے رابطہ کریں اور NovoMix 30 نہ لیں۔

## ممکنہ ذیلی اثرات

جبکہ آپ کا علاج انسولین کے ساتھ کیا جا رہا ہو ، تو یہ آپ کے خون میں شوگر نیچی ہو جانے کا خطرہ بڑھاتا ہے۔ آپ SDCC کے کتابچہ ' خون میں نیچی شوگر (ہائپوگلیسیمیا)' میں خون میں نیچی شوگر کے بارے میں مزید پڑھ سکتے ہیں۔

## رابطہ

اگر آپ کے ذہن سوالات ہوں یا کوئی شک ہو تو، آپ بخوشی تیماری داری کا مشورہ دینے والوں (Sygeplejerådgivningen) سے اوقات کار میں ہر دن 08.00 تا 16.00 بجے ٹیلی فون نمبر 00 08 68 39 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

**Steno Diabetes Center Copenhagen**
Borgmester Ib Juuls Vej 83
Herlev 2730